# معاہدہ بابت سافٹ ویئر

فریق اول Xerox Soft (Pvt.) Ltd. پشاور

فریق دوم: ____________________

نوٹ: فریقین معاہدے کے مطابق مندرجہ ذیل تمام شرائط پر عمل کرینگے۔ کسی ایک شرط کی خلاف ورزی مکمل معاہدے کی خلاف ورزی تصور کی جائے گی۔ فریق دوم کسی بھی سافٹ ویئر کی رجسٹریشن کی خریداری سے پہلے پوری تسلی کرلے کہ مذکورہ سافٹ ویئر اس کے کاروبار کیلئے موزون ہے یا نہیں۔ پوری تسلی کے بعد سافٹ ویئر کی انسٹالیشن کرا کے رجسٹریشن خریدے۔

1۔ساف ویئر کی رجسٹریشن کسی خاص کمپیوٹر سسٹم یا کسی خاص ہارڈ ڈسک کیلئے ہوگی۔ اگر مذکورہ رجسٹرڈ کمپیوٹر سسٹم یا رجسٹرڈ ہارڈ ڈسک خراب یا ضائع ہوجائے تو رجسٹریشن ختم تصور ہوگی۔

2۔رجسٹریشن کا مطلب کسی فرد، کاروبار یا کسی ادارے کی رجسٹریشن نہیں ہوگی بلکہ کسی خاص کمپیوٹر سسٹم یا ہارڈ ڈسک کی سیریل نمبر کی رجسٹریشن ہوگی۔ جس میں بائیوس، مین بورڈ اور پراسسر کی سیریل کو محفوظ کرکے اس کے مطابق رجسٹریشن کوڈ محفوظ کیا جاتا ہے۔

3۔کمپیوٹر کے مالک فرد یا ادارے کو رجسٹرڈ سسٹم میں سافٹ ویئر کے استعمال کا حق دیا جاتا ہے نہ کہ ملکیت۔ اسے کسی دوسرے سسٹم، ہارڈ ڈسک یا کسی اور شخص کے کاروبار کیلئے دوسرے سسٹم میں انسٹال نہیں کیا جائے گا۔ ایسا ثابت ہونے کی صورت میں فریق دوم کی اپنے سسٹم کی رجسٹریشن ختم تصور ہوگی۔ اور وہ اس کے استعمال کا حق کھودے گا۔

4۔ایک دفعہ رجسٹریشن لینے کے بعد اس کی واپسی نہیں ہوگی۔

5۔انسٹالیشن کے وقت سافٹ ویئر کی کی جو بھی قیمت ہوگی۔ یہ قیمت سافٹ ویئر کی موجدہ حالت میں اور موجودہ ورژن کیلئے ہوگی۔ سافٹ ویئر میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کیلئے الگ سے معاہدہ کرنا ہوگا۔ جس میں اضافی اخراجات اور سافٹ ویئر میں تبدیلی کیلئے مزید وقت کا تعین شامل ہوگا۔

6۔سافٹ ویئر کی متعین کردہ قیمتیں فریق اول کے دفتر یا آن لائن انسٹالیشن کی صورت میں ہونگی۔ فریق دوم کے مطلوبہ جگہ پر جانے کیلئے ٹرانسپورٹیشن، وقت اور دیگر اخراجات اصل قیمت کے علاوہ لیئے جائینگے۔

7۔سافٹ ویئر کے انسٹالیشن سے لے کر 2 ماہ تک کی عبوری مدت ہوگی۔ جس میں فریق دوم کے سافٹ ویئر کے متعلق سوالات اور مفت سروسز فراہم کئے جائینگے۔ جس میں فریق دوم کے رجسٹرڈ سسٹم میں ونڈوز انسٹالیشن کے بعد سافٹ ویئر کو دوبارہ فعال کرنا، یا ڈیٹا میں کوئی مسئلہ آجانے کی صورت میں اس کو ٹھیک کرنا شامل ہے۔ عبوری مدت گزر جانے کے بعد فریق دوم کسی بھی قسم کی سروسز لینا چاہے یا ڈیٹا میں خرابی یا کوئی اور مسئلہ ہو تو فریق دوم اس کے چارجز دینے کا پابند ہوگا۔

8۔فریق دوم اگر کسی رجسٹرڈ سسٹم میں ہماری کمپنی کا کوئی دوسرا سافٹ ویئر انسٹال کرانا چاہے جو کہ مختلف ساخت یا مختلف ورژن کا ہو تو فریق دوم اس کی الگ سے رجسٹریشن خریدے گا۔

9۔فریق اول فریق دوم کے کسی ایک فرد کو سافٹ ویئر کی مناسب اور ابتدائی ٹریننگ دے گا۔ ڈیٹا انٹری اور اس کی بیک اپ فریق دوم کی ذمہ داری ہوگی۔

10۔انسٹالیشن کے دوران سسٹم میں موجود کوئی بھی دوسرا سافٹ ویئر یا ہارڈ ویئر کی خرابی کی فریق اول پر ذمہ داری لازم نہیں آئے گی۔

| Signature | Signature |
| --- | --- |
| فریق اول ____________________ | فریق دوم ____________________ |